© rasaliojaraid.com



دارالافتاء

مولانا مفتی حافظ ثناء اللہ خاں مدنی
شیخ الحدیث جامعہ لاہور الاسلامیہ

# مسواک کے بارے میں چند سوالات، صبح کی سنتیں

## جادو کے ذریعے مسلمان کی شکل تبدیل کرنا؟

❁ سوال: کیا جادو کے ذریعہ کسی کو گدھا بنایا جاسکتا ہے یا نہیں؟ اور کیا جادوگر کسی مؤمن آدمی کو ذلیل وخوار کرسکتا ہے یا نہیں؟

جواب: بعض جادوگر اس بات کے دعویدار ہیں کہ وہ انسانوں کی صورت کو حیوانوں کی شکلوں میں تبدیل کرنے پر قادر ہیں جبکہ حقیقتِ حال اس کے برعکس ہے۔ یوں بھی اہل علم نے ایسے شخص کو کافر قرار دیا ہے، تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تفسیر قرطبی: ۴۵/۲

مؤمن کو جادو کے ذریعہ کوئی جادوگر ذلیل وخوار نہیں کرسکتا، مگر اس کی کوتاہی کی وجہ سے بعض دفعہ ایسی صورت پیدا ہوسکتی ہے۔

## ایسی صحیح احادیث جو بظاہر قرآن سے ٹکراتی ہیں؟

❁ سوال: کتنی صحیح حدیثیں ایسی ہیں جو بظاہر قرآن کی کسی آیت یا آپس میں ٹکراتی ہوں؟

جواب: کوئی ایسی صحیح حدیث نہیں جو حقیقتاً قرآن سے ٹکراتی ہو۔ امام ابن خزیمہؒ نے فرمایا:

''اگر کوئی ایسا محسوس کرتا ہے تو میرے پاس لائے، میں اس کا حل پیش کروں گا۔''

البتہ آپس میں بظاہر متعارض احادیث کافی تعداد میں ہیں اور محدثین نے ان کا رفع تعارض بھی کافی وشافی پیش کیا ہے جس کے لئے امام ابن قتیبہؒ کی کتاب مختلف الحدیث کا مطالعہ مفید ہوگا۔

❁ سوال: اگر فجر کی جماعت کھڑی ہو تو فجر کی سنتیں کب پڑھی جائیں؟ کیا جماعت میں شامل ہونے سے پہلے پڑھنا ضروری ہیں یا فرض پڑھنے کے بعد بھی سنتیں پڑھی جاسکتی ہیں؟

جواب: فجر کی جماعت کھڑی ہونے کی صورت میں صبح کی نماز کے بعد سنتیں پڑھی جاسکتی